جل گئے ہونگے مانند کوئلے کے پس ڈالے جاوینگے نہر حیوۃ مین پس اوگینگے جیسے اوگتا ہے

الْحِبَّةُ فِي حَمِيلِ السَّيْلِ أَلَمْ تَرَوْا أَنَّهَا تَخْرُجُ صَفْرَاءَ مُلْتَوِيَةً مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ

دانہ کہانس کا بیج کوڑی روے کیا نہین دیکہتی ہو کہ تحقیق دانہ کہانس کا نکلتا ہے زرد لپٹا ہوا متفق علیہ

وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّ النَّاسَ قَالُوا يَا رَسُولَ اللّٰهِ هَلْ نَرَى رَبَّنَا يَوْمَ

اور روایت ہے ابی ہریرہ رض سے کہ تحقیق لوگون نے کہا یارسول اللہ کیا دیکہینگے ہم اپنے پروردگار کو دن

الْقِيَامَةِ فَذَكَرَ مَعْنَى حَدِيثِ أَبِي سَعِيدٍ غَيْرَ كَشْفِ السَّاقِ وَقَالَ يُضْرَبُ

قیامت کے پس ذکر کیا ابوہریرہ نے معنے حدیث ابی سعید خدری کے سوائے ذکر کہولنے پنڈلی کے اور کہا آنحضرت نے کہر دیا جائیگا

الصِّرَاطُ بَيْنَ ظَهْرَانَيْ جَهَنَّمَ فَأَكُونُ أَوَّلَ مَنْ يَجُوزُ مِنَ الرُّسُلِ

صراط درمیان دوزخ کے پس ہونگا مین اول اون شخصون کا کہ گذرینگے رسولون مین سے

بِأُمَّتِهِ وَلَا يَتَكَلَّمُ يَوْمَئِذٍ إِلَّا الرُّسُلُ وَكَلَامُ الرُّسُلِ يَوْمَئِذٍ اللّٰهُمَّ

ساتھ امت اپنی کے اور کلام نہ کریگا اوسدن کوئی سوائے رسولون کے اور کلام پیغمبرون کا اوسدن یہ ہوگا یا الٰہی

سَلِّمْ سَلِّمْ وَفِي جَهَنَّمَ كَلَالِيبُ مِثْلُ شَوْكِ السَّعْدَانِ لَا يَعْلَمُ قَدْرَ

سالم رکھ سالم رکھ اور دوزخ مین آنکڑے ہونگے مانند کانٹے کے سعدان کے نہین جانتا مقدار

عِظَمِهَا إِلَّا اللَّهُ تَخْطَفُ النَّاسَ بِأَعْمَالِهِمْ فَمِنْهُمْ مَنْ يُوبَقُ بِعَمَلِهِ

اوسکی بڑائی کی مگر اللہ جلدی سے اچک لینگی لوگون کو بسبب بُرے عملون اونکے پس کچھ بیٹھے اونمین سے وہ ہونگے کہ ہلاک کیے

وَمِنْهُمْ مَنْ يُخَرْدَلُ ثُمَّ يَنْجُو حَتَّى إِذَا فَرَغَ اللَّهُ مِنَ الْقَضَاءِ بَيْنَ عِبَادِهِ

اور کچھ بعضے اونمین سے ٹکڑے ٹکڑے کیے جاوینگے پھر نجات پاوینگے یہانتک کہ جب فارغ ہوگا اللہ تعالی حکم کرنے سے درمیان بندون اپنے کے

وَأَرَادَ أَنْ يُخْرِجَ مِنَ النَّارِ مَنْ أَرَادَ أَنْ يُخْرِجَهُ مِمَّنْ كَانَ يَشْهَدُ أَنْ

اور چاہیگا کہ نکالے آگ سے اوس کیکو کہ چاہیگا کہ نکالے اوسکو اون لوگون سے کہ گواہی دیتے ہین یہ کہ

لَا إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ أَمَرَ الْمَلَائِكَةَ أَنْ يُخْرِجُوا مَنْ كَانَ يَعْبُدُ اللَّهَ فَيُخْرِجُونَهُمْ

نہین کوئی معبود بحق سوا ہی خدا کے حکم فرماویگا فرشتون کو کہ نکالین اوسکو کہ پوجتا ہے خدا کو پس نکالینگے فرشتے اونکو

وَيَعْرِفُونَهُمْ بِآثَارِ السُّجُودِ وَحَرَّمَ اللَّهُ عَلَى النَّارِ أَنْ تَأْكُلَ أَثَرَ السُّجُودِ

اور پہچانینگے اونکو ساتھ نشانون سجدون کے اور حرام کیا ہے اللہ تعالی نے آگ دوزخ پر یہ کہ کھاوے نشان سجدون کا

فَكُلُّ ابْنِ آدَمَ تَأْكُلُهُ النَّارُ إِلَّا أَثَرَ السُّجُودِ فَيَخْرُجُونَ مِنَ النَّارِ قَدِ

پس تمام ابن آدم کو کھاویگی آگ مگر نشان سجدون کو پس نکالینگے آگ دوزخ سے آچالیس

امْتَحَشُوا فَيُصَبُّ عَلَيْهِمْ مَاءُ الْحَيَوَةِ فَيَنْبُتُونَ كَمَا تَنْبُتُ الْحِبَّةُ فِي

کر سیاہ ہوگئے ہونگے پس ڈالا جاویگا اونپر آب حیات کا پس اوگین گے وہ جیسیکہ اوگتا ہے دانہ گھاس کا بیچ

حَمِيلِ السَّيْلِ وَيَبْقَى رَجُلٌ بَيْنَ الْجَنَّةِ وَالنَّارِ وَهُوَ آخِرُ أَهْلِ النَّارِ دُخُولًا

کوڑے ٹھیرکے اور باقی رہیگا ایک شخص درمیان بہشت اور دوزخ کے اور وہ شخص آخر ہوگا دوزخیون سے

الْجَنَّةَ مُقْبِلٌ بِوَجْهِهِ قِبَلَ النَّارِ فَيَقُولُ يَا رَبِّ اصْرِفْ وَجْهِي عَنِ

بہشت کی داخل ہونے مین متوجہ کیے ہوگا مونہ اپنا طرف دوزخ کے پس عرض کریگا اے پروردگار میرے پھیر مونہ میرے کو

النَّارِ قَدْ قَشَبَنِي رِيحُهَا وَأَحْرَقَنِي ذَكَاؤُهَا فَيَقُولُ هَلْ عَسَيْتَ

آگ دوزخ سے اور بیشک ہلاک کیا مجھکو دوزخ کی بو نے اور جلا دیا مجکو شعلون اوسکے نے پس فرماویگا اللہ تعالی کہ توقع ہے تجھسے

إِنْ أَفْعَلَ ذَلِكَ أَنْ تَسْأَلَ غَيْرَ ذَلِكَ فَيَقُولُ لَا وَعِزَّتِكَ فَيُعْطِي اللَّهَ

کہ اگر کردین یہ تجھ مانگے تو سوا اسکے اور کچھ عرض کریگا وہ شخص کہ نہین چاہونگا مین کچھ قسم عزت تیری کی پس

مَا شَآءَ اللّٰهُ مِنْ عَهْدٍ وَّمِيْثَاقٍ فَيَصْرِفُ اللّٰهُ وَجْهَهٗ عَنِ النَّارِ فَاِذَا

جو کچھ کہ چاہیگا اللہ تعالیٰ عہد و پیمان پس پھیر دیگا اللہ تعالیٰ موذا اوسکا آگ دوزخ سے پس جبکہ

اَقْبَلَ بِهٖ عَلَى الْجَنَّةِ وَرَاٰى بَهْجَتَهَا سَكَتَ مَا شَآءَ اللّٰهُ اَنْ يَّسْكُتَ

پھیر دیگا اللہ موذا اوسکا طرف بہشت کے دیکھیگا خوبی اور تازگی اوسکی چپ رہیگا جسقدر کہ چاہیگا اللہ تعالیٰ چپ رہنا اوسکا

ثُمَّ قَالَ يَا رَبِّ قَدِّمْنِيْ عِنْدَ بَابِ الْجَنَّةِ فَيَقُوْلُ اللّٰهُ تَبَارَكَ وَتَعَالٰى اَلَيْسَ قَدْ

پھر عرض کریگا اے رب میرے آگے لے چل مجھکو طرف دروازہ بہشت کے پس فرماویگا اللہ تعالے کیا نہین

اَعْطَيْتَ الْعُهُوْدَ وَالْمِيْثَاقَ اَنْ لَّا تَسْاَلَ غَيْرَ الَّذِيْ كُنْتَ سَاَلْتَ

دیئے تونے عہد و پیمان اسپر کہ نہ مانگے تو غیر اوسچیز کے کہ مانگی تھی تونے

فَيَقُوْلُ يَا رَبِّ لَا اَكُوْنُ اَشْقٰى خَلْقِكَ فَيَقُوْلُ فَمَا عَسَيْتَ اِنْ اُعْطِيْتَ

پس کہیگا اے رب میرے نہ ہونگا مین بدبخت ترین مخلوق تیری کا پس فرماویگا اللہ تعالے تو قسم ہے کہ اگر دیا جاوے تو

ذٰلِكَ اَنْ تَسْاَلَ غَيْرَهٗ فَيَقُوْلُ لَا وَعِزَّتِكَ لَا اَسْاَلُكَ غَيْرَ ذٰلِكَ فَيُعْطِيْ

اسکو تو سوال کرے تو اور کچھ پس کہیگا وہ شخص نہ قسم عزت تیری کی نہین مانگونگا مین تجھسے سوائے اوسکے پس دیویگا بندہ

رَبَّهٗ مَا شَآءَ مِنْ عَهْدٍ وَّمِيْثَاقٍ فَيُقَدِّمُهٗ اِلٰى بَابِ الْجَنَّةِ فَاِذَا

اپنے پروردگار کو اس بار مین جو کچھ کہ چاہیگا اللہ تعالے عہد و میثاق پس آگے لیجاویگا خدا تعالے اوسکو طرف دروازہ بہشت کے پس جبکہ

بَلَغَ بَابَهَا فَرَاٰى زَهْرَتَهَا وَمَا فِيْهَا مِنَ النَّضْرَةِ وَالسُّرُوْرِ فَسَكَتَ

پہنچیگا اوسکے دروازے پر پس دیکھیگا تازگی و خوبی بہشت کی اور جو چیز کہ اوسمین ہے رونق اور خوشی سے پس چپ رہیگا

مَا شَآءَ اللّٰهُ اَنْ يَّسْكُتَ فَيَقُوْلُ يَا رَبِّ اَدْخِلْنِي الْجَنَّةَ فَيَقُوْلُ اللّٰهُ

جسقدر چاہیگا اللہ چپ رہنا پھر عرض کریگا اے رب میرے داخل کر مجھکو بہشت مین پس فرماویگا اللہ

تَبَارَكَ وَتَعَالٰى وَيْلَكَ يَا ابْنَ اٰدَمَ مَا اَغْدَرَكَ اَلَيْسَ قَدْ اَعْطَيْتَ

تبارک وتعالیٰ ہلاکی ہو جیو تجھکو اے فرزند آدم کے کیا عجب بیوفا ہے تو پس دئے عہد و پیمان کیا نہین دیگئے تونے

الْعُهُوْدَ وَالْمِيْثَاقَ اَنْ لَّا تَسْاَلَ غَيْرَ الَّذِيْ اُعْطِيْتَ فَيَقُوْلُ يَا رَبِّ

عہد و پیمان یہ کہ نہ مانگے تو غیر اوسچیز کے کہ دیا گیا تو پس عرض کریگا اے رب میرے

لَا تَجْعَلْنِيْ اَشْقٰى خَلْقِكَ فَلَا يَزَالُ يَدْعُوْ حَتّٰى يَضْحَكَ اللّٰهُ مِنْهُ فَاِذَا

نہ گردان مجھکو بدترین خلق اپنی کا پس ہمیشہ رہیگا مانگتا یہانتک کہ ہنسیگا اللہ تعالے اوس سے پس جبکہ

ضَحِكَ اِذَنْ لَهٗ فِیْ دُخُوْلِ الْجَنَّةِ فَیَقُوْلُ مُتَمَنِّیْ حَتّٰی اِذَا انْقَطَعَ اُمْنِیَّتُهٗ

ہنسے گا اللہ تو اون دیگا اوسکو بہشت مین جانیکا پھر فرماویگا خدا تعالہ کہ چاہ جو کچھ چاہے تو پس آرزو کریگا وہ یہانتک کہ جب منقطع ہوگی

قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰی عَنْ مِنْ کَذَا وَکَذَا اَقْبِلْ یُذَکِّرُهٗ رَبُّهٗ حَتّٰی اِذَا انْتَهَتْ

فرماویگا اللہ تعالی کہ آرزو کر تو ایسی اور ایسی پیش آویگا پروردگار اوسکا اسحالت مین کہ یاد دلاویگا اوسکو یہانتک کہ

بِهِ الْاَمَانِیُّ قَالَ اللّٰهُ لَکَ ذٰلِكَ وَمِثْلُهٗ مَعَهٗ وَفِیْ رِوَایَةِ اَبِیْ سَعِیْدٍ

آرزو یعنی اوسکی فرماویگا اللہ تعالی تیرے لیے ہی یہ اور مانند اوسکے ساتھ اوسکے اور ابو سعید کی روایت مین ہے

قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰی لَکَ ذٰلِكَ وَعَشَرَةُ اَمْثَالِهٖ مُتَّفَقٌ عَلَیْهِ وَعَنِ ابْنِ

فرماویگا اللہ تعالی تیرے لیے ہی یہ اور دس برابر اوسکے متفق علیہ اور روایت ہی ابن

مَسْعُوْدٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اٰخِرُ مَنْ یَّدْخُلُ الْجَنَّةَ رَجُلٌ

مسعود سے کہ تحقیق رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ آخر اون شخصونکا کہ داخل ہونگے بہشت مین ایک شخص ہوگا

فَهُوَ یَمْشِیْ مَرَّةً وَّیَکْبُوْ مَرَّةً وَّتَسْفَعُهُ النَّارُ مَرَّةً فَاِذَا جَاوَزَهَا الْتَفَتَ

پس وہ چلیگا ایکبار اور منہ کے بل گریگا ایکبار اور شان ڈالیگی اوسکو آگ ایکبار پس جب گذر جائیگا وہ شخص کہ سوے التفات کریگا

اِلَیْهَا فَقَالَ تَبَارَكَ الَّذِیْ نَجَّانِیْ مِنْكِ لَقَدْ اَعْطَانِیَ اللّٰهُ شَیْئًا مَا اَعْطَاهُ

طرف آگ کی اور کہیگا بزرگ ہے وہ خدا کہ نجات دی مجھکو تجھسے قسم خدا کی تحقیق دی مجھکو خدا تعالی نے وہ چیز کہ نہین دی

اَحَدًا مِّنَ الْاَوَّلِیْنَ وَالْاٰخِرِیْنَ فَتُرْفَعُ لَهٗ شَجَرَةٌ فَیَقُوْلُ اَیْ رَبِّ اَدْنِنِیْ

کسیکو اگلے پچھلون مین سے پس بلند کیا جاویگا اوسکے لیے ایک درخت پس کہیگا وہ شخص اے رب میرے نزدیک کر

مِنْ هٰذِهِ الشَّجَرَةِ فَلَاَسْتَظِلَّ بِظِلِّهَا وَاَشْرَبَ مِنْ مَّائِهَا فَیَقُوْلُ

اس درخت سے تا منتفع ہوؤن اوس درخت کے سایہ مین اور پیوون مین پانی اسکے سے پس فرماویگا

اللّٰهُ یَا ابْنَ اٰدَمَ لَعَلِّیْ اِنْ اَعْطَیْتُکَهَا سَاَلْتَنِیْ غَیْرَهَا فَیَقُوْلُ لَا یَا رَبِّ

اللہ تعالی اے بیٹے آدم کے شاید کہ مین اگر دونگا تجھکو یہ آرزو تیری مانگے تو مجھسے اور کچھ پس کہیگا وہ شخص نہین اے پروردگار میرے

وَیُعَاهِدُهٗ اَنْ لَّا یَسْاَلَهٗ غَیْرَهَا وَرَبُّهٗ یَعْذِرُهٗ لِاَنَّهٗ یَرٰی مَا لَا صَبْرَ

اور عہد کریگا وہ شخص پروردگار سے کہ سوال نہین کریگا سوا اسکے اور پروردگار اوسکا معذور رکھیگا اوسکے کہ وہ دیکھیگا ایسی چیز کہ

لَهٗ عَلَیْهِ فَیُدْنِیْهِ مِنْهَا فَیَسْتَظِلُّ بِظِلِّهَا وَیَشْرَبُ مِنْ مَّائِهَا ثُمَّ

اوسکو اوسپر پس نزدیک کریگا اللہ اوسکو اوس درخت سے پس بیٹھیگا وہ شخص اوس درخت کے سایہ مین اور پیویگا اوسکے پانی سے پھر

ترفع له شجرة هي احسن من الاولى فيقول اى رب ادنني من هذه
بلند کیا جاویگا اوسکے لیے ایک اور درخت کہ وہ بہتر پہلے ہوگا پہلے درخت سے پس کہیگا اے پروردگار میرے نزدیک کر مجکو اوس
الشجرة لاشرب من مائها واستظل بظلها لا اسالك غيرها
درخت کے تا پیوں میں اوسکے پانی سے اور بیٹھوں میں اوسکے سایہ میں سوال نہیں کرونگا میں تجھسے غیر اوس درخت کے
فيقول يا ابن ادم الم تعاهدني ان لا تسالني غيرها فيقول لعلي ان
پس کہیگا حق تعالی اے بیٹے آدم کے کیا عہد نہ کیا تہا تو نے مجھسے یہ کہ سوال نکریگا تو مجھسے غیر اوس درخت کے پس فرماویگا اللہ شاید کہ اگر میں
ادنيتك منها تسالني غيرها فيعاهده ان لا يسأله غيرها وربه يعذره
نزدیک کردوں تجھکو اوس سے سوال کرے تو مجھسے غیر اوسکے پس عہد کریگا وہ اللہ سے یہ کہ نہ سوال کریگا غیر اوسکا اور رب اوسکا معذور
لانه يرى ما لا صبر له عليه فيدنيه منها فيستظل بظلها ويشرب
اس لیے کہ وہ دیکہیگا ایسی چیز کہ نہیں صبر ہوگا اوسکو اوسپر پس نزدیک کریگا اللہ اوسکو اوس سے پس بیٹہیگا اوسکے سایہ میں اور پیویگا
من مائها ثم ترفع له شجرة عند باب الجنة هي احسن من الاولين
اوسکے پانی سے پہر بلند کیا جاویگا اوسکے لیے ایک درخت نیسرے نزدیک دروازہ جنت کے کہ وہ اچہا ہوگا پہلے دونوں درختوں سے
فيقول اى رب ادنني من هذه فلاستظل بظلها واشرب من مائها
پس کہیگا وہ اے رب میرے نزدیک کر مجکو اس درخت سے تاکہ بیٹہوں میں اوسکے سایہ میں اور پیوں میں اوسکے پانی سے
لا اسالك غيرها فيقول يا ابن ادم الم تعاهدني ان لا تسالني
نہیں مانگونگا میں تجھسے غیر اوسکے پس فرماویگا اللہ تعالی اے ابن آدم کیا نہ عہد کیا تہا تو نے مجھسے یہ کہ نہ مانگیگا مجھسے
غيرها قال بلى يا رب هذه لا اسالك غيرها وربه يعذره لانه
غیر اوسکے کہیگا وہ ہاں اے رب میرے نہیں سوال کرونگا میں تجھسے غیر اوسکے اور رب اوسکا معذور رکہیگا اوسکو اسلیے کہ وہ
يرى ما لا صبر له عليه فيدنيه منها فاذا ادناه منها سمع اصوات
دیکہیگا ایسی چیز کہ نہیں صبر ہوگا اوسکو اوسپر پس نزدیک کریگا اللہ اوسکو اوس سے پس جب نزدیک کریگا اوسکو اوس درخت سے سنیگا آوازیں
اهل الجنة فيقول اى رب ادخلنيها فيقول يا ابن ادم ما يصريني
بہشتیوں کی پس کہیگا اے رب میرے داخل کر مجھکو بہشت میں پس فرماویگا اللہ اے بیٹے آدم کے کونسی چیز پھیرتی ہے
منك ايرضيك ان اعطيك الدنيا ومثلها معها قال اى رب
تجھسے کیا راضی کرتا ہے تجھکو یہ کہ دونگا میں تجھکو دنیا کے برابر اور مانند اوسکے ساتہ اوسکی کہیگا وہ بندہ اے پروردگار میرے

أَتَسْتَهْزِئُ مِنِّي وَأَنْتَ رَبُّ الْعَالَمِينَ فَضَحِكَ ابْنُ مَسْعُودٍ فَقَالَ لَا تَسَلُونِي

کیا ٹھٹھا کرتا ہے تو مجھ سے حال آنکہ تو رب العالمین ہے پس ہنسے ابن مسعود اور کہا کیا نہیں پوچھتے ہو مجھ سے

مِمَّ أَضْحَكُ فَقَالُوا وَمِمَّ تَضْحَكُ فَقَالَ هٰكَذَا أَضْحَكَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ

کہ کس سبب سے ہنسا میں پس پوچھا لوگوں نے کس سبب سے ہنسے تم پس کہا ابن مسعود نے کہ اسیطرح ہنسے رسول خدا صلے اللہ

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالُوا وَمِمَّ تَضْحَكُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ قَالَ مِنْ ضِحْكِ رَبِّ الْعَالَمِينَ حِينَ

علیہ وسلم پس کہا صحابہ نے کہ کیوں ہنسے آپ یا رسول اللہ فرمایا کہ ہنسا میں بسبب ہنسنے کے پروردگار عالموں کے اوسوقت

قَالَ أَتَسْتَهْزِئُ مِنِّي وَأَنْتَ رَبُّ الْعَالَمِينَ فَيَقُولُ إِنِّي لَا أَسْتَهْزِئُ مِنْكَ

کہا اوس شخص نے کیا ٹھٹھا کرتا ہے تو مجھ سے حال آنکہ تو پروردگار عالمین ہے پس فرماویگا اللہ تعالیٰ کہ تحقیق میں نہیں ٹھٹھا کرتا ہوں

وَلٰكِنِّي عَلٰى مَا أَشَاءُ قَدِيرٌ رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَفِي رِوَايَةٍ لَهُ عَنْ أَبِي سَعِيدٍ

ولیکن میں ہر اوسچیز پر کہ چاہتا ہوں قادر ہوں نقل کی اسکو مسلم نے اور مسلم کی ایک روایت میں ابو سعید خدری سے

نَحْوُهُ إِلَّا أَنَّهُ لَمْ يَذْكُرْ فَيَقُولُ يَا ابْنَ آدَمَ مَا يَصْرِفُنِي مِنْكَ إِلٰى آخِرِ

مانند اسکے ہے مگر تحقیق ابو سعید نے نہیں ذکر کی یہ عبارت فیقول یا ابن آدم ما یصرفنی منک تا آخر

الْحَدِيثِ وَزَادَ فِيهِ وَيُذَكِّرُهُ اللّٰهُ سَلْ كَذَا وَكَذَا حَتّٰى إِذَا انْقَطَعَتْ

حدیث تک اور زیادہ کیا ہے اس روایت میں یہ اور یاد دلاویگا اللہ تعالیٰ اوسکو تو مانگ ایسا اور ایسا یہانتک کہ جب تمام ہو چاہ اوسکی

بِهِ الْأَمَانِيُّ قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى هُوَ لَكَ وَعَشَرَةُ أَمْثَالِهِ قَالَ ثُمَّ يَدْخُلُ بَيْتَهُ

آرزوئیں اوسکی فرماویگا اللہ تعالیٰ جو کچھ کہ آرزو کی تونے وہ تیرے لیے ہے اور دس برابر اوسکی فرمایا حضرت نے پھر داخل ہوگا

فَتَدْخُلُ عَلَيْهِ زَوْجَتَاهُ مِنَ الْحُورِ الْعِينِ فَتَقُولَانِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِي

پس آویں گی اوسکی پاس دو بیبیاں اوسکی حور عین سے پس کہیں گی سب تعریف ہے واسطے اللہ کے کہ

أَحْيَاكَ لَنَا وَأَحْيَانَا لَكَ قَالَ فَيَقُولُ مَا أُعْطِيَ أَحَدٌ مِثْلَ مَا أُعْطِيتُ

پیدا کیا تجھکو واسطے ہمارے اور پیدا کیا ہمکو واسطے تیرے فرمایا حضرت نے پس کہیگا وہ بندہ کہ نہیں دیا گیا کوئی مانند اوسچیز کے کہ دیا گیا میں

وَعَنْ أَنَسٍ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَيُصِيبَنَّ أَقْوَامًا سَفْعٌ مِنَ

اور روایت ہے انس سے کہ تحقیق نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا قسم ہے اللہ کی البتہ پہنچیگی مسلمانوں کے گروہوں کو آگ

النَّارِ بِذُنُوبٍ أَصَابُوهَا عُقُوبَةً ثُمَّ يُدْخِلُهُمُ اللّٰهُ الْجَنَّةَ بِفَضْلِ

آگ دوزخ سے بسبب گناہوں کے کہ کیے تھے انہوں نے کہ وہ گناہ واسطے عذاب کے پھر داخل کریگا اوسکو اللہ تعالیٰ بہشت میں بسبب زیادتی

رحمتہ فیقال لھم الجھنمیون رواہ البخاری وعن عمران بن حصین
رحمت اپنی کے پس کہا جاویگا ان لوگون کو جہنمی - روایت کی یہ بخاری نے - اور روایت ہے عمران بن حصین سے
قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یخرج قوم من النار بشفاعۃ محمد فیدخلون
کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ نکالی جاویگی ایک قوم آگ سے بسبب شفاعت محمد صلعم کے پس داخل ہونگے
الجنۃ ویسمون الجھنمیین رواہ البخاری وفی روایۃ یخرج قوم من
بہشت مین اور نام رکھے جاوین گے جہنمی روایت کیا اسکو بخاری نے اور ایک روایت مین ان آیا ہے کہ باہر نکالی جاوینگی ایک جماعت
امتی من النار بشفاعتی یسمون الجھنمیین وعن عبد اللہ بن
میری امت مین سے آگ دوزخ سے بسبب شفاعت میری کے نام رکھا جاویگا انکا جہنمی - اور روایت ہے عبد اللہ بن
مسعود رضہ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم انی لاعلم اٰخر اھل النار
مسعود رضہ سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ مین البتہ جانتا ہون آخر دوزخیونکا
خروجا منھا واٰخر اھل الجنۃ دخولا رجل یخرج من النار حبوا
از روی نکلنے کے اوس سے اور آخر بہشتیونکا از روی داخل ہونے کے بہشت مین ایک شخص ہوگا کہ نکلے گا دوزخ سے گھٹنیون چلکر
فیقول اللہ اذھب فادخل الجنۃ فیاتیھا فیخیل الیہ انھا ملاٰی
پس فرماویگا اللہ تعالے جا اور داخل ہو بہشت مین پس آویگا وہ بہشت مین پس آویگا اوسکے خیال مین کہ بہشت بھری
فیقول یا رب وجدتھا ملاٰی فیقول اذھب فادخل الجنۃ فان
پس کہیگا وہ شخص اے پروردگار میرے پایا مین نے بہشت کو بھرا ہوا لوگونسے پس فرماویگا اللہ تعالے جا اور داخل ہو بہشت مین پس بیشک
لک مثل الدنیا وعشرۃ امثالھا فیقول اتسخر منی او تضحک
تیرے لیے ہے مانند مسافت دنیا کے اور دہ چند اوسکے پس کہیگا وہ شخص کیا ٹھٹھا کرتا ہے تو مجھسے یا کہیگا کیا ہنستا ہے
منی وانت الملک فلقد رایت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ضحک حتی
مجھسے حالانکہ تو بادشاہ ہے پس تحقیق دیکھا مین نے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کو کہ ہنسے یہانتک
بدت نواجذہ وکان یقال ذلک ادنی اھل الجنۃ منزلۃ متفق علیہ
کہ ظاہر ہوگئین دانیان اوپر کی اور تھا کہا جاتا کہ یہ شخص ادنی بہشتیونکا ہوگا مرتبہ مین متفق علیہ -
وعن ابی ذر قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم انی لاعلم اٰخر
اور روایت ہے ابی ذر رضہ سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ تحقیق مین البتہ جانتا ہون آخر

اَهْلُ الْجَنَّةِ دُخُوْلًا الْجَنَّةَ وَاٰخِرَ اَهْلِ النَّارِ خُرُوْجًا مِّنْهَا رَجُلٌ يُؤْتٰى بِهٖ

بہشت کیونکا داخل ہونے مین بہشت کے اور آخر دوزخیونکا نکلنے مین اوس سے ایک شخص ہے کہ لایا جاویگا اوسکو

يَوْمَ الْقِيٰمَةِ فَيُقَالُ اعْرِضُوْا عَلَيْهِ صِغَارَ ذُنُوْبِهٖ وَارْفَعُوْا عَنْهُ كِبَارَهَا

دن قیامت کے پس کہا جاویگا ظاہر کرو اوسپر چھوٹے گناہ اوسکے اور اوٹھا رکھو اور چھپا رکھو اوس سے بڑے گناہ

فَتُعْرَضُ عَلَيْهِ صِغَارُ ذُنُوْبِهٖ فَيُقَالُ عَمِلْتَ يَوْمَ كَذَا وَكَذَا اَلْكَذَا وَكَذَا اَلْكَذَا وَكَذَا وَ

پس ظاہر کیے جاوینگے اوسپر چھوٹے گناہ اوسکے پھر کہا جاویگا کہ کیا تو نے فلانے اوسدن اور اوسدن کام ایسا فلانے اور ایسا

عَمِلْتَ يَوْمَ كَذَا وَكَذَا اَلْكَذَا وَكَذَا اَلْكَذَا وَكَذَا فَيَقُوْلُ نَعَمْ لَا يَسْتَطِيْعُ اَنْ يُّنْكِرَ

کیا تو نے اوسدن اور اوسدن کام ایسا فلانے اور ایسا پس کہیگا کہ ہان نہین انکار کر سکیگا

وَهُوَ مُشْفِقٌ مِّنْ كِبَارِ ذُنُوْبِهٖ اَنْ تُعْرَضَ عَلَيْهِ فَيُقَالُ لَهٗ فَاِنَّ لَكَ

حالانکہ وہ خوف مین ہوگا بڑے گناہ ہونے مبادا کہ عرض کیے جاوین اوسپر پس کہا جاویگا اوسکو کہ تیری لیے

مَكَانَ كُلِّ سَيِّئَةٍ حَسَنَةً فَيَقُوْلُ رَبِّ قَدْ عَمِلْتُ اَشْيَاءَ لَا اَرٰى هٰهُنَا

جگہہ ہر بدی کے نیکی ہے پس کہیگا وہ شخص کہ ای پروردگار میرے تحقیق کیین ہین مینے بہت سی چیزین کہ نہین دیکھتا مین

وَلَقَدْ رَاَيْتُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ضَحِكَ حَتّٰى بَدَتْ نَوَاجِذُهٗ رَوَاهُ

اور تحقیق دیکھا مینے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کو کہ ہنسے یہانتک کہ ظاہر ہوئین کچلیان آگی روایت کی ہے

مُسْلِمٌ وَعَنْ اَنَسٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ يَخْرُجُ مِنَ النَّارِ

مسلم نے ۔ اور روایت ہے انس رضہ سے کہ تحقیق رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ نکالینگے جاوینگے آگ سے

اَرْبَعَةٌ فَيُعْرَضُوْنَ عَلَى اللّٰهِ ثُمَّ يُؤْمَرُ بِهِمْ اِلَى النَّارِ فَيَلْتَفِتُ اَحَدُهُمْ

چار آدمی پس لائے جاوینگے روبرو خدا کے پھر حکم کیا جائیگا اونکے پھر بھیجنیکا طرف دوزخ کے پس پھر کر دیکھیگا ایک اونمیں سے

فَيَقُوْلُ اَيْ رَبِّ لَقَدْ كُنْتَ اَرْجُوْ اِذْ اَخْرَجْتَنِيْ مِنْهَا اَنْ لَّا تُعِيْدَنِيْ

پس کہیگا ای پروردگار میرے تحقیق امید رکھتا تہا مین کہ جب نکالیگا تو مجکو اوس سے پھر نہین بھیجیگا تو

فِيْهَا قَالَ فَيُنْجِيْهِ اللّٰهُ مِنْهَا رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَعَنْ اَبِيْ سَعِيْدٍ قَالَ قَالَ

اوسمین فرمایا حضرت نے پس نجات دیگا اوسکو اللہ اوس سے روایت کی یہ مسلم نے ۔ اور روایت ہے ابو سعید رضہ سے کہ کہا فرمایا

رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَخْلُصُ الْمُؤْمِنُوْنَ مِنَ النَّارِ فَيُحْبَسُوْنَ عَلَى

پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ خلاص کیے جاوینگے مسلمان آگ دوزخ سے پس روکے جاوینگے اوپر

قنطرة بين الجنة والنار فيقتص لبعضهم من بعض مظالم كانت
پلصراط کے کہ درمیان بہشت اور دوزخ کے ہو پس بدلا لیا جاویگا واسطے بعض اونکے بعض سے حقوق کا کہ تھے
بينهم في الدنيا حتى إذا هذبوا ونقوا أذن لهم في دخول الجنة
درمیان اونکے دنیا مین تک کہ جب پاک اور صاف کیے جاوینگے اذن دیا جاویگا اونکو بہشت کے داخل ہونے کا
فوالذي نفس محمد بيده لأحدهم أهدى بمنزله في الجنة منه
پس قسم ہے اوس ذات کی جان محمد کی اوسکے ہاتھ مین ہے کہ البتہ ایک اونکا خوب پہچاننے والا ہوگا مکان اپنا کہ بہشت مین ہوگا
بمنزله كان له في الدنيا رواه البخاري وعن أبي هريرة قال قال رسول
اس مکان سے کہ اونکا دنیا مین تھا روایت کیا اسکو بخاری نے۔ اور روایت ہے ابوہریرہ رضہ سے کہ کہا فرمایا رسول
الله صلى الله عليه وسلم لا يدخل أحد الجنة إلا أري مقعده من النار لو
خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ نہین داخل ہوگا کوئی بہشت مین مگر کہ دکھائی جاویگی اوسکو جگہ اسکی آگ سے اگر
أساء ليزداد شكرا ولا يدخل النار أحد إلا أري مقعده من الجنة
بدی کرتا تا زیادہ کرے شکر اور نہین داخل ہوگا دوزخ مین کوئی مگر کہ دکھائی جاویگی جگہ اسکی بہشت سے
لو أحسن ليكون عليه حسرة رواه البخاري وعن ابن عمر قال قال
اگر نیکی کرتا تا ہو اوسپر حسرت روایت کی یہ بخاری نے۔ اور روایت ہے ابن عمر رضہ سے کہ کہا فرمایا
رسول الله صلى الله عليه وسلم إذا صار أهل الجنة إلى الجنة وأهل النار
رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے جسوقت کہ جاوینگے بہشتی بہشت مین اور جاوینگے دوزخی
إلى النار جيء بالموت حتى يجعل بين الجنة والنار ثم يذبح ثم
دوزخ مین لائی جاویگی موت یہانتک کہ رکھی جاویگی درمیان بہشت و دوزخ کے پھر ذبح کیجاویگی پھر
ينادي مناد يا أهل الجنة لا موت ويا أهل النار لا موت فيزداد
پکاریگا پکارنیوالا اے بہشتیو نہین ہے بعد اسکے موت اور اے دوزخیو نہین ہے بعد اسکے موت پس زیادہ کرینگے
أهل الجنة فرحا إلى فرحهم ويزداد أهل النار حزنا إلى حزنهم متفق
بہشتی خوشی کو طرف خوشی اپنی کے اور زیادہ کرینگے دوزخی غم کو طرف غم اپنے کے متفق
عليه الفصل الثاني عن ثوبان عن النبي صلى الله عليه وسلم قال
علیہ۔ فصل دوسری۔ روایت ہے ثوبان سے اوسنے نقل کی نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا

حَوْضِيْ مِنْ عَدَنٍ اِلٰى عُمَّانَ الْبَلْقَاءِ مَاءُهٗ اَشَدُّ بَيَاضًا مِّنَ اللَّبَنِ وَ

کہ مسافت حوض میرے کی مقدار راہ سے عدن سے عمان بلقا تک پانی اوسکا زیادہ سفید ہے دودھ سے اور

اَحْلٰى مِنَ الْعَسَلِ وَ اَكْوَابُهٗ عَدَدُ نُجُوْمِ السَّمَآءِ مَنْ شَرِبَ مِنْهُ شَرْبَةً

شیریں زیادہ ہے شہد سے اور آبخورے اوسکے بقدر گنتی ستاروں آسمان کے جو کوئی پیویگا اوسمیں سے ایک بار

لَمْ يَظْمَاْ بَعْدَهَا اَبَدًا اَوَّلُ النَّاسِ وُرُوْدًا فُقَرَآءُ الْمُهَاجِرِيْنَ الشُّعْثُ

پیاسا نہیں ہوگا بعد اوسکے کبھی پہلے لوگ کہ اوترینگے اوسپر پانی پینے کے لیے فقرا مہاجرین ہونگے پراگندہ

رُءُوْسًا الدُّنُسُ ثِيَابًا الَّذِيْنَ لَا يَنْكِحُوْنَ الْمُتَنَعِّمَاتِ وَلَا يُفْتَحُ لَهُمُ السُّدَدُ

سر کے اور میلے ہیں کپڑے ایسے ہیں کہ نہیں نکاح کرسکتے عورتوں نعمت والیوں سے اور نہیں کھولے جاتے اونکے لیے دروازے

رَوَاهُ اَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ وَقَالَ التِّرْمِذِيُّ هٰذَا حَدِيْثٌ

روایت کی یہ احمد اور ترمذی اور ابن ماجہ نے اور کہا ترمذی نے کہ یہ حدیث

غَرِيْبٌ وَعَنْ زَيْدِ بْنِ اَرْقَمَ قَالَ كُنَّا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَنَزَلْنَا

غریب ہے۔ اور روایت ہے زید بن ارقم رضہ سے کہا تھے ہم ساتھ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے پس اترے ہم

مَنْزِلًا فَقَالَ مَا اَنْتُمْ جُزْءٌ مِّنْ مِّائَةِ اَلْفِ جُزْءٍ مِّمَّنْ يَّرِدُ عَلَى الْحَوْضَ قِيْلَ

ایک منزل میں پس فرمایا حضرت نے تم نہیں ہو تم ایک جزو لاکھ جزو لوگوں سے بہ نسبت اون لوگوں کے کہ آویگے میرے پاس حوض پر کہا گیا

كَمْ كُنْتُمْ يَوْمَئِذٍ قَالَ سَبْعُمِائَةٍ اَوْ ثَمَانُ مِائَةٍ رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَعَنْ

کتنے تھے تم اوسدن کہا زید بن ارقم نے کہ تھے ہم سات سو یا آٹھ سو روایت کی یہ ابوداؤد نے۔ اور روایت ہے

سَمُرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ لِكُلِّ نَبِيٍّ حَوْضًا وَّاِنَّهُمْ

سمرہ رضہ سے کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ تحقیق ہر واسطے ہر نبی کے حوض ہے اور تحقیق وہ البتہ

لَيَتَبَاهَوْنَ اَيُّهُمْ اَكْثَرُ وَارِدَةً وَّاِنِّيْ لَاَرْجُوْ اَنْ اَكُوْنَ اَكْثَرَهُمْ وَارِدَةً

البتہ فخر کرینگے کہ کونسا اونمیں سے بہت زیادہ ہے آنیوالے اوسکے کہ اور ہو تحقیق حوض پر اور تحقیق میں البتہ امید کرتا ہوں

رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ سَاَلْتُ

روایت کی یہ ترمذی نے اور کہا ترمذی نے کہ یہ حدیث غریب ہے۔ اور روایت ہے انس رضہ سے کہا درخواست کی میں نے

النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ يَّشْفَعَ لِيْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ فَقَالَ اَنَا فَاعِلٌ قُلْتُ يَا

نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے یہ کہ شفاعت کریں میری دن قیامت کے پس فرمایا حضرت نے کہ میں کرنیوالا ہوں میں نے کہا

رَسُوْلَ اللّٰهِ فَاَيْنَ اَطْلُبُكَ قَالَ اُطْلُبْنِيْ اَوَّلَ مَا تَطْلُبُنِيْ عَلَى الصِّرَاطِ قُلْتُ

رسول اللہ پس کہاں ڈھونڈوں آپکو فرمایا کہ ڈھونڈنا مجکو اول زمانے ڈھونڈوں پھر میں پل صراط پر کہا میں نے

فَاِنْ لَّمْ اَلْقَكَ عَلَى الصِّرَاطِ قَالَ فَاطْلُبْنِيْ عِنْدَ الْمِيْزَانِ قُلْتُ فَاِنْ لَّمْ اَلْقَكَ

پس اگر نہ پاؤں میں آپکو پل صراط پر فرمایا پس اگر دھیان نہ دیوے تو تو ڈھونڈنا مجکو نزدیک میزان کے کہا میں نے پس اگر

عِنْدَ الْمِيْزَانِ قَالَ فَاطْلُبْنِيْ عِنْدَ الْحَوْضِ فَاِنِّيْ لَا اُخْطِئُ هٰذِهِ الثَّلٰثَ

نزدیک میزان کے فرمایا پس ڈھونڈنا مجکو نزدیک حوض کے پس تحقیق میں نہیں چوکنے کا ان تین

الْمَوَاطِنَ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ وَعَنِ ابْنِ

جگہوں کو روایت کی یہ ترمذی نے اور کہا کہ یہ حدیث غریب ہے۔ اور روایت ہے ابن

مَسْعُوْدٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ قِيْلَ لَهٗ مَا الْمَقَامُ الْمَحْمُوْدُ قَالَ ذٰلِكَ

مسعود رضہ سے اونچی روایت کی نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے کہا کہ کہا گیا نبی ہم سے کہ کیا ہے مقام محمود فرمایا حضرت صلے اللہ

يَوْمٌ يُنْزِلُ اللّٰهُ تَعَالٰى عَلٰى كُرْسِيِّهٖ فَيَاطُّ كَمَا يَاطُّ الرَّحْلُ الْجَدِيْدُ مِنْ تَضَايُقِهٖ

دن ہے کہ نزول فرماویگا اللہ تعالیٰ اپنی کرسی پر پس آواز کریگی کرسی جیسیکہ آواز کرتا ہے زین نیا چمڑے کا تنگی اپنی سے

وَهُوَ لِسَعَةِ مَا بَيْنَ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ وَيَجِآءُ بِكُمْ حُفَاةً عُرَاةً غُرْلًا فَيَكُوْنُ

اور وہ فراخی کرسی کی مانند فراخی درمیان آسمان اور زمین کے اور لایا جاویگا تمکو ننگے پاؤں ننگے بدن بے ختنہ پس ہوگا

اَوَّلُ مَنْ يُّكْسٰى اِبْرَاهِيْمُ يَقُوْلُ اللّٰهُ تَعَالٰى اكْسُوْا خَلِيْلِيْ فَيُؤْتٰى بِرِيْطَتَيْنِ

اول اون شخصوں کا کہ لباس پہنائے جاوینگے کہ ابراہیم فرماویگا اللہ تعالیٰ پہناؤ میرے دوست کو پس لائی جاوینگی دو چادریں

بَيْضَاوَيْنِ مِنْ رِّيَاطِ الْجَنَّةِ ثُمَّ اُكْسٰى عَلٰى اِثْرِهٖ ثُمَّ اَقُوْمُ عَنْ يَمِيْنِ اللّٰهِ

نرم کتان سفید کی بہشت کی چادروں میں سے پھر پہنایا جاؤنگا میں پیچھے ابراہیم کے پھر کھڑا ہونگا میں داہنی طرف اللہ تعالیٰ کو

مَقَامًا يَّغْبِطُنِيْ الْاَوَّلُوْنَ وَالْاٰخِرُوْنَ رَوَاهُ الدَّارِمِيُّ وَعَنِ الْمُغِيْرَةِ بْنِ

کھڑا ہونا کہ رشک کیجاوینگے مجھپر اگلے اور پچھلے روایت کی یہ دارمی نے۔ اور روایت ہے مغیرہ بن

شُعْبَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شِعَارُ الْمُؤْمِنِيْنَ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ عَلَى

شعبہ سے کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ علامت مومنین کی دن قیامت کے

الصِّرَاطِ رَبِّ سَلِّمْ سَلِّمْ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ

پل صراط پر یہ کلمہ ہوگا) اے رب سلامت رکھ سلامت رکھ روایت کی یہ ترمذی نے اور کہا ترمذی نے کہ حدیث غریب ہے

وَعَنْ اَنَسٍ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ شَفَاعَتِیْ لِاَھْلِ الْکَبَائِرِ مِنْ اُمَّتِیْ

اور روایت ہے انس رضی اللہ عنہ سے کہ تحقیق نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ شفاعت میری ثابت ہے گناہ کبیرہ کرنیوالوں کیلئے میری امت میں

رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ وَاَبُوْدَاوٗدَ وَرَوَاہُ ابْنُ مَاجَۃَ عَنْ جَابِرٍ وَعَنْ عَوْفٍ

روایت کی یہ ترمذی اور ابوداؤد نے اور روایت کی یہ ابن ماجہ نے جابر رضی اللہ عنہ سے اور روایت ہے عوف

ابْنِ مَالِکٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَتَانِیْ اٰتٍ مِّنْ عِنْدِ رَبِّیْ

بن مالک رضی اللہ عنہ سے کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے آیا میرے پاس آنیوالا نزدیک پروردگار میرے سے

فَخَیَّرَنِیْ بَیْنَ اَنْ یُّدْخِلَ نِصْفَ اُمَّتِیْ الْجَنَّۃَ وَبَیْنَ الشَّفَاعَۃِ فَاخْتَرْتُ

پس مختار کیا مجھکو اسمیں کہ داخل ہو آدھی امت میری بہشت میں اور درمیان شفاعت کرنے کے پس اختیار کی میں

الشَّفَاعَۃَ وَھِیَ لِمَنْ مَّاتَ لَا یُشْرِکُ بِاللّٰہِ شَیْئًا رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ وَابْنُ

شفاعت کرنی اور شفاعت ثابت ہے اوسکیلئے کہ مرے امت میں کہ نہ شریک کرتا ہو ساتھ اللہ کے کسیکو روایت کی یہ ترمذی اور ابن

مَاجَۃَ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ اَبِی الْجَدْعَاءِ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ

ماجہ نے۔ اور روایت ہے عبداللہ بن ابی الجدعاء سے کہا سنا میں نے رسول خدا صلے اللہ

عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ یَدْخُلُ الْجَنَّۃَ بِشَفَاعَۃِ رَجُلٍ مِّنْ اُمَّتِیْ اَکْثَرُ مِنْ بَنِیْ تَمِیْمٍ

علیہ وسلم سے فرماتے کہ داخل ہونگے بہشت میں بسبب شفاعت کرنے ایک شخص کے میری امت سے زیادہ بنی تمیم سے

رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ وَالدَّارِمِیُّ وَابْنُ مَاجَۃَ وَعَنْ اَبِیْ سَعِیْدٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ

روایت کی یہ ترمذی اور دارمی اور ابن ماجہ نے۔ اور روایت ہے ابی سعید خدری رضی اللہ عنہ سے کہ تحقیق رسول خدا صلے اللہ

عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّ مِنْ اُمَّتِیْ مَنْ یَّشْفَعُ لِلْفِئَامِ وَمِنْھُمْ مَنْ یَّشْفَعُ لِلْقَبِیْلَۃِ وَمِنْھُمْ مَنْ یَّشْفَعُ لِلْعُصْبَۃِ

علیہ وسلم نے فرمایا کہ تحقیق بہت میری امت سے وہ شخص ہوگا کہ شفاعت کریگا جماعت کی اور بعض ایسے ہیں سے وہ ہوگا کہ شفاعت کریگا ایک قبیلہ کی

وَمِنْھُمْ مَّنْ یَّشْفَعُ لِلرَّجُلِ حَتّٰی یَدْخُلُوا الْجَنَّۃَ رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ وَعَنْ

اور بعضا اوسمیں سے وہ ہوگا کہ شفاعت کریگا ایک مرد کیلئے تک کہ داخل ہونگی تمام امت بہشت میں روایت کی یہ ترمذی نے۔ اور روایت ہے

اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِنَّ اللّٰہَ عَزَّوَجَلَّ وَعَدَنِیْ اَنْ

انس رضی اللہ عنہ سے کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ تحقیق خدا عزوجل نے وعدہ کیا مجھسے یہ کہ

یُّدْخِلَ الْجَنَّۃَ مِنْ اُمَّتِیْ اَرْبَعَ مِائَۃِ اَلْفٍ بِلَا حِسَابٍ فَقَالَ اَبُوْبَکْرٍ زِدْنَا

داخل کریگا بہشت میں امت میری سے چار لاکھ شخص بلا حساب پس کہا ابوبکر نے زیادہ کیجئے ہمکو

یارسول اللہ قال وھکذا افحثا بکفیہ وجمعھما فقال ابوبکر زدنا یارسول
یارسول اللہ فرمایا حضرت نے اور اسطرح سے پس لپ بنائین دونون ہاتون سے اور جمع کیا دونون ہاتون اپنے کو پھر کہا ابوبکر نے کر زیادہ
اللہ قال وھکذا فقال عمر دعنا یا ابابکر فقال ابوبکر وما علیک ان
اللہ فرمایا اسطرح سے پس کہا عمر نے چھوڑ دیجو ای ابوبکر پس کہا ابوبکر نے نہین ضرر تمپر ای عمر کہ
یدخلنا اللہ کلنا الجنۃ فقال عمر ان اللہ عزوجل ان شاء ان یدخل
داخل کرے اللہ ہم سبکو بہشت مین پس کہا عمر نے کہ تحقیق اللہ عزوجل اگر چاہے داخل کرنا
خلق الجنۃ بکف واحد فعل فقال النبی صلی اللہ علیہ وسلم صدق عمر رواہ
مخلوقات اپنی کا بہشت مین ہتھ ایک کیے ساتھ کر سکتا ہے پس فرمایا نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ سچ کہا عمر نے روایت کی یہ
فی شرح السنۃ وعنہ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یصف اھل
بغوی نے شرح السنہ مین۔ اور روایت ہے ابی ذر سے کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے صف باندہ کر کھڑے ہونگے
النار فیمر بھم الرجل من اھل الجنۃ فیقول الرجل منھم یا فلان
دوزخی پس گذر یگا اونپر ایک شخص بہشتیون مین سے پس کہیگا ایک شخص دوزخیون مین سے اونمین سے کو ای فلانے
اما تعرفنی انا الذی سقیتک شربۃ وقال بعضھم انا الذی وھبت
کیا نہین پہچانتا ہے تو مجکو مین وہ ہون کہ پلایا تہا مینے تجھکو ایکبار پانی اور کہیگا بعض اونمین سے کہ مین وہ شخص ہون کہ دیا تہا مینے
لک وضوء فیشفع لہ فیدخلہ الجنۃ رواہ ابن ماجۃ وعن ابی
تجھکو پانی وضو کا پس شفاعت کریگا وہ بہشتی اوس دوزخی کی پس داخل کریگا اوسکو بہشت مین روایت کی یہ ابن ماجہ نے اور روایت ہے
ھریرۃ ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال ان رجلین ممن دخل النار اشتد
ابی ہریرہ رضہ سے کہ تحقیق رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تحقیق دو شخص اون شخصون مین سے کہ داخل ہونگے آگ مین
صیاحھما فقال الرب تعالی اخرجوھما فقال لھما لای شیء اشتد
شور چلانا اونکا پس فرماویگا پروردگار تعالی کہ نکالو ان کو پس فرماویگا اللہ تعالی اون سے کہ کس سبب سے سخت ہوا
صیاحکما قالا فعلنا ذلک لترحمنا قال فان رحمتی لکما ان تنطلقا
چلانا تمہارا کہین گے کہ کیا ہمنے یہہ تاکہ تو رحم کرے تو ہمپر فرماویگا اللہ پس تحقیق رحمت میری تمہارے لیے ہے کہ جاؤ
فتلقیا انفسکما حیث کنتما من النار فیلقی احدھما نفسہ
پس ڈالو اپنے تئین اوس جگہ کہ تہے تم آگ مین پس ڈالیگا ایک اونکا اپنے تئین آگ مین

فيجعلها الله عليه بردا وسلاما ويقوم الآخر فلا يلقى نفسه فيقول

پس سلا کریگا اگ کو اللہ تعالیٰ اوسپر ٹھنڈا اور سلامت اور کہڑا ہیگا دوسرا پس نہیں ڈالیگا اپنے تئین پس کہیگا

له الرب تعالى ما منعك ان تلقى نفسك كما القى صاحبك فيقول

اوسکو پروردگار تعالیٰ کہ کس چیز نے منع کیا تجھکو ڈالنے تیرے سے اپنے تئین اگ مین جیسے کہ ڈالا یار تیرے نے پس کہیگا

رب اني لارجو ان لا تعيدني فيها بعد ما اخرجتني منها فيقول

اے رب میرے بیشک مین البتہ امید رکھتا ہون کہ پھر نہ بھیجیگا تو مجکو اگ مین بعد نکالنے کے مجکو اوس سے پس ارشاد ہوگا

له الرب لك رجاءك فيدخلان جميعا الجنة برحمة الله رواه الترمذي

اوسکو اللہ تعالیٰ تیرے لیے ہے جو کچھ کہ امید رکھے تو نے پس داخل کیے جاوینگے وہ دونون شخص اکٹھے بہشت مین بسبب رحمت خدا تعالیٰ کے روایت کی

وعن ابن مسعود قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم يرد الناس النار ثم

اور روایت ہے ابن مسعود رضہ سے کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ حاضر ہونگے لوگ اگ پر پھر

يصدرون منها باعمالهم فاولهم كلمح البرق ثم كالريح ثم كحضر

صادر ہونگے اوس سے بسبب اعمال اپنے کے پس اول ان مین کے مانند چمکنے بجلی کے پھر مانند چلنے ہوا کے پھر مانند دوڑنے

الفرس ثم كالراكب في رحله ثم كشد الرجل ثم كمشيه رواه الترمذي

گھوڑے کے پھر مانند سوار کے اپنے اونٹ پر پھر مانند دوڑنے مرد کے پھر مانند چلنے اوسکے کہ پیادہ رو ہو تیسری بار ہی

والدارمي الفصل الثالث عن ابن عمر ان رسول الله صلى الله

اور دارمی نے۔ فصل تیسری۔ روایت ہے ابن عمر سے کہ بیشک رسول خدا صلے اللہ

عليه وسلم قال ان امامكم حوضي ما بين جنبيه كما بين جرباء واذرح

علیہ وسلم نے فرمایا بیشک آگے تمہارے حوض ہے میرا مسافت درمیان دونو طرفون اوسکے مانند اوس مسافت کے کہ درمیان جرباء

قال بعض الرواة هما قريتان بالشام بينهما مسيرة ثلث ليال و

کہا بعضے راویون نے کہ جرباء اور اذرح دو بستیان ہین شام مین کہ درمیان اون دونو کے مسافت تین رات کی ہے اور

في رواية فيه اباريق كنجوم السماء من ورده فشرب منه لم يظمأ

ایک روایت مین یہ زیادتی بھی آئی ہے کہ اوس مین آبخورے ہین مانند ستارون آسمان کے جو کوئی آویگا اوسپر اور پیویگا پانی

بعدها ابدا متفق عليه وعن حذيفة وابي هريرة قالا قال

بعد اوس پینے کے کبھی متفق علیہ۔ اور روایت ہے حذیفہ رضہ اور ابو ہریرہ سے کہا دونون نے فرمایا

جو کوئی بلا اور محنت اور مصیبت مین راضی رہے اللہ تعالیٰ اوسکی بلا کو اوسپر آسان کر دیتا ہے

پس نہیں ڈالے گا اپنے تئین

ایسا اور لطف اور رحمت کا امید رکھی تو نے

دلیل ہے اس پر کہ امید نیک کی مومن سے مفید و موثر ہے نزد کرم اور عطا والے کے

اگ پر پہنچنے پر سبب

الحوض والشفاعة

فاول

جو کوئی زیارت کرے قبر میرا

پہنچے میرے پاس

اس سے معلوم ہوا کہ

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یجمع اللہ تبارک وتعالیٰ الناس فیقوم المؤمنون حتی

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہا اکٹھا کریگا اللہ تعالیٰ برکت والا اور بلند قدر لوگوں کو پس کھڑے ہونگے مسلمان یہانتک کہ

تزلف لھم الجنۃ فیاتون آدم فیقولون یا ابانا استفتح لنا الجنۃ فیقول

قریب کیجاویگی واسطے اونکے بہشت پس آوینگے طرف حضرت آدم کی پاوینگے پس کہینگے اے باپ ہمارے کہو تو ہمارے لیے بہشت کو پس کہینگے آدم

وھل اخرجکم من الجنۃ الا خطیئۃ ابیکم لست بصاحب ذلک اذھبوا

کہ نہیں نکالا تمکو بہشت سے مگر تقصیر باپ کی تمہارے نہیں ہوں میں لائق اسکے کہ جاؤ تم

الی ابنی ابراھیم خلیل اللہ قال فیقول ابراھیم لست بصاحب ذلک انما

طرف بیٹے میرے ابراہیم کے کہ خلیل اللہ ہے فرمایا حضرت نے کہ پس کہینگے ابراہیم کہ نہیں ہوں میں لائق اسکام کے نہیں

کنت خلیلا من وراء وراء اعمدوا الی موسی الذی کلمہ اللہ تکلیما

تھا میں خلیل مگر پیچھے پیچھے اسکے بڑے اسکے قصد کرو طرف موسیٰ کے کہ کلام کیا اوس سے خدا تعالیٰ نے کلام کرنا

فیاتون موسی فیقول لست بصاحب ذلک اذھبوا الی عیسی کلمۃ اللہ

پس آوینگے حضرت موسیٰ کے پاس پس کہینگے وہ کہ نہیں ہوں میں لائق اسکے جاؤ طرف عیسیٰ کے کہ کلمۃ اللہ

وروحہ فیقول عیسی لست بصاحب ذلک فیاتون محمدا فیقوم

اور روح اوسکے ہیں پس کہینگے عیسیٰ کہ نہیں ہوں میں لائق اسکار کے پس آوینگے وہ محمد صلعم کے پاس پس کھڑے ہونگے

فیؤذن لہ وترسل الامانۃ والرحم فتقومان جنبتی الصراط یمینا

اور اذن دیجاویگا انکو اور بھیجی جاوینگی امانت اور ناتا پس کھڑی ہونگی امانت اور ناتا دونوں طرف پل صراط کے داہنے

وشمالا فیمر اولکم کالبرق قال قلت بابی انت وامی ای شیء کمر

اور بائیں پس گذرینگے جماعت اول تم میں سے مانند بجلی کے کہا ابوہریرہ نے کہا میں نے حضرت صلعم پر فدا ہو میرے ماں باپ تیرے کیونکر ہوگا مانند

البرق قال الم تروا الی البرق کیف یمر ویرجع فی طرفۃ عین ثم

بجلی کے فرمایا کہ کیا نہیں دیکھتے تم طرف بجلی کے کہ کیونکر گذر جاتی ہے اور پھر آتی ہے آنکھ جھپکنے میں پھر

کمر الریح ثم کمر الطیر وشد الرجال تجری بھم اعمالھم ونبیکم

مانند گذرنے ہوا کے پھر مانند گذرنے پرندوں کے اور دوڑنے مردوں کے پاپیادہ کی جاری کرینگے اونکو اعمال اونکے اور پیغمبر تمہارے

قائم علی الصراط یقول رب سلم سلم حتی تعجز اعمال العباد

کھڑے ہونگے پل صراط پر کہتے ہونگے اور رب سلم سلم رکھ سالم رکھ یہانتک کہ عاجز ہونگے عمل بندوں کے

حَتّٰى يَجِيءَ الرَّجُلُ فَلَا يَسْتَطِيعُ السَّيْرَ إِلَّا زَحْفًا قَالَ وَفِي حَافَتَيِ الصِّرَاطِ

یہانتک کہ آویگا ایک شخص پس نہیں چل سکیگا پل صراط سو مگر گھسٹتا ہوا سرین کے بل فرمایا حضرت صلعم نے اور دونوں طرف صراط کے

كَلَالِيبُ مُعَلَّقَةٌ مَأْمُورَةٌ تَأْخُذُ مَنْ أُمِرَتْ بِهِ فَمَخْدُوشٌ نَاجٍ وَّ

آنکڑے ہونگے لٹکائے گئے حکم کیے گئے پکڑینگے اوس شخصکو کہ حکم کیے گئے ساتھ اوسکے پس بعضے اونکے رخمی ہوکر نجات

مَكْدُوسٌ فِي النَّارِ وَالَّذِي نَفْسُ أَبِي هُرَيْرَةَ بِيَدِهِ إِنَّ قَعْرَ جَهَنَّمَ

پاوینگے بعضے ٹکڑے ہوکر گرائے جاوینگے دوزخ میں قسم ہے اوسذات کی کہ جان ابوہریرہ کی اوسکے ہاتھ میں ہے کہ تحقیق گہراؤ دوزخ کا

سَبْعِينَ خَرِيفًا رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

ستر برس کی راہ ہے روایت کی یہ مسلم نے۔ اور روایت ہے جابر رضہ سے کہا فرمایا رسول خدا صلعم نے

يَخْرُجُ مِنَ النَّارِ قَوْمٌ بِالشَّفَاعَةِ كَأَنَّهُمُ الثَّعَارِيرُ قُلْنَا مَا الثَّعَارِيرُ قَالَ

کہ نکلیگی آگ دوزخ سے ایک قوم بسبب شفاعت کے گویا کہ وہ ثعاریر ہیں کہا ہمنے کہ کیا ہے ثعاریر فرمایا

إِنَّهُ الضَّغَابِيسُ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْ عُثْمَانَ بْنِ عَفَّانَ قَالَ قَالَ رَسُولُ

وہ کڑمرے ہیں متفق علیہ۔ اور روایت ہے عثمان بن عفان رضہ سے کہا فرمایا رسول

اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَشْفَعُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ ثَلَاثَةٌ الْأَنْبِيَاءُ ثُمَّ الْعُلَمَاءُ ثُمَّ الشُّهَدَاءُ

اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ شفاعت کریگا دن قیامت کے تین طرح کے لوگ انبیاء پھر علماء پھر شہداء

رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ بَابُ صِفَةِ الْجَنَّةِ وَأَهْلِهَا الْفَصْلُ

روایت کی یہ ابن ماجہ نے۔ باب ہے بیچ بیان حال جنت اور لوگون اوسکے فصل

الْأَوَّلُ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اللّٰهُ تَعَالَى

پہلی۔ روایت ہے ابوہریرہ رضہ سے کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ فرمایا اللہ تعالیٰ نے

أَعْدَدْتُ لِعِبَادِيَ الصَّالِحِينَ مَا لَا عَيْنٌ رَأَتْ وَلَا أُذُنٌ سَمِعَتْ وَلَا

کہ طیار کی میں نے اپنے نیک بندون کے لیے وہ چیز کہ نہ کسی آنکھ نے دیکھا اور نہ کسی کان نے سنا اور نہ

خَطَرَ عَلَى قَلْبِ بَشَرٍ وَاقْرَءُوا إِنْ شِئْتُمْ فَلَا تَعْلَمُ نَفْسٌ مَا أُخْفِيَ لَهُمْ

گذری ماہیت اوسکی کسی آدمی کے دلپر پس پڑھو تم اگر چاہو تم اس آیت کو پس نہیں جانتا کوئی نفس اوس چیز کو کہ پوشیدہ کی گئی

مِنْ قُرَّةِ أَعْيُنٍ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

جو ٹھنڈک ہے آنکھون کی روایت کی یہ بخاری اور مسلم نے۔ اور روایت ہے ابوہریرہ رضہ سے کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے

مَوْضِعُ سَوْطٍ فِي الْجَنَّةِ خَيْرٌ مِّنَ الدُّنْيَا وَمَا فِيهَا مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْ أَنَسٍ
کہ جگہ سلہ ایک کوڑے کی بہشت مین بہتر ہے دنیا سے اور جو کچھ کہ دنیا مین ہے متفق علیہ۔ اور روایت ہے انس رضی اللہ عنہ سے
قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ غَدْوَةٌ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ أَوْ رَوْحَةٌ خَيْرٌ مِّنَ
کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے اول روز مین جانا راہ خدا مین یا آخر روز مین جانا اوسمین بہتر ہے
الدُّنْيَا وَمَا فِيهَا وَلَوْ أَنَّ امْرَأَةً مِّنْ نِّسَاءِ أَهْلِ الْجَنَّةِ اطَّلَعَتْ إِلَى الْأَرْضِ
دنیا سے اور جو کچھ کہ دنیا مین ہے اور اگر ایک عورت بہشتیون کی عورتون سے جہانکی طرف زمین کی
لَأَضَاءَتْ مَا بَيْنَهُمَا وَلَمَلَأَتْ مَا بَيْنَهُمَا رِيحًا وَلَنَصِيفُهَا عَلَى رَأْسِهَا
تو البتہ روشن کرے اوسپیز کو کہ درمیان مشرق اور مغرب کے ہے اور البتہ بھر دے وہ عورت اوسپیز کو کہ درمیان دونون کے ہے خوشبو سے اور
خَيْرٌ مِّنَ الدُّنْيَا وَمَا فِيهَا رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ
سلہ بہتر ہے دنیا سے اور جو کچھ کہ دنیا مین ہے روایت کی اسکو بخاری نے۔ اور روایت ہے ابی ہریرہ رضی اللہ عنہ سے کہا فرمایا
رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ فِي الْجَنَّةِ شَجَرَةً يَسِيرُ الرَّاكِبُ فِي ظِلِّهَا مِائَةَ
رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ تحقیق بہشت مین ایک درخت ہے کہ چلے سوار نیچے سایہ اوسکے سو
عَامٍ لَا يَقْطَعُهَا وَلَقَابُ قَوْسِ أَحَدِكُمْ فِي الْجَنَّةِ خَيْرٌ مِّمَّا طَلَعَتْ
برس ہنوز قطع نہ کرے اوسکی مسافت کو اور البتہ جگہہ مقدار کمان ایک تمہارے بہشت مین بہتر ہے اوسچیز سے کہ نکلا
عَلَيْهِ الشَّمْسُ أَوْ تَغْرُبُ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْ أَبِي مُوسَى قَالَ قَالَ رَسُولُ
اوسپر آفتاب یا غروب ہوتا ہے متفق علیہ۔ اور روایت ہے ابی موسے سے کہا فرمایا رسول
اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ لِلْمُؤْمِنِ فِي الْجَنَّةِ لَخَيْمَةً مِّنْ لُؤْلُؤَةٍ وَاحِدَةٍ مُجَوَّفَةٍ
خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے تحقیق مومن کے لیے بہشت مین البتہ خیمہ ہوگا ایک موتی کا خالی درمیان سے
عَرْضُهَا وَفِي رِوَايَةٍ طُولُهَا سِتُّونَ مِيلًا فِي كُلِّ زَاوِيَةٍ مِّنْهَا أَهْلٌ مَّا
چکلائی اوسکی اور ایک روایت ہے لنبائی اوسکی ساٹھ کوس کے اور ہر کونے مین اوس خیمہ کے اہل خانہ ہونگے جو
يَرَوْنَ الْآخَرِينَ يَطُوفُ عَلَيْهِمُ الْمُؤْمِنُ وَجَنَّتَانِ مِنْ فِضَّةٍ آنِيَتُهُمَا
شہ نہ دیکھینگے دوسرے کونے والون کو پھرا کریگا اون پر مسلمان اور دو بہشتین ہین چاندی کی ہین باسن اونکے
وَمَا فِيهِمَا وَجَنَّتَانِ مِنْ ذَهَبٍ آنِيَتُهُمَا وَمَا فِيهِمَا وَمَا بَيْنَ الْقَوْمِ
اور جو کچھ کہ اوسمین ہے اور دو بہشت ہین کہ سونے کے ہین باسن اونکے اور جو کچھ کہ اوسمین ہے اور نہین ہے درمیان اہل بہشت کے اونکے

وَبَيْنَ اَنْ يَّنْظُرُوْا اِلٰى رَبِّهِمْ اِلَّا رِدَآءُ الْكِبْرِيَآءِ عَلٰى وَجْهِهٖ فِيْ جَنَّةِ عَدْنٍ

اور درمیان نظر کرنے اونکی طرف پروردگار اپنے کے مگر چادر بزرگی کی اوپر چہرہ مبارک پروردگار کی جنت عدن مین

مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْ عُبَادَةَ بْنِ الصَّامِتِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

متفق علیہ۔ اور روایت ہے عبادہ بن الصامت سے کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے

فِي الْجَنَّةِ مِائَةُ دَرَجَةٍ مَّا بَيْنَ كُلِّ دَرَجَتَيْنِ كَمَا بَيْنَ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ وَ

بہشت مین سو درجے ہین درمیان ہر دو درجون کے اتنا فرق ہے جیسا کہ درمیان آسمان اور زمین کے اور

الْفِرْدَوْسُ اَعْلَاهَا دَرَجَةً مِّنْهَا تَفَجَّرُ اَنْهَارُ الْجَنَّةِ الْاَرْبَعَةِ وَمِنْ فَوْقِهَا

فردوس سب جنتون سے بلند تر ہے ازروئے درجے کے اسی سے روان ہوتی ہین چارون نہرین بہشت کی اور اوپر فردوس کے

يَكُوْنُ الْعَرْشُ فَاِذَا سَاَلْتُمُ اللّٰهَ فَاسْئَلُوْهُ الْفِرْدَوْسَ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ

ہے عرش ہے پس جب مانگو تم اللہ سے تو مانگو اوس سے فردوس روایت کی یہ ترمذی نے

وَلَمْ اَجِدْهُ فِي الصَّحِيْحَيْنِ وَلَا فِيْ كِتَابِ الْحُمَيْدِيِّ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ

کہا مؤلف نے کہ نہین پائی مین نے یہ حدیث صحیحین مین اور نہ کتاب حمیدی مین۔ اور روایت ہے انس رضی اللہ عنہ سے کہا

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ فِي الْجَنَّةِ لَسُوْقًا يَاْتُوْنَهَا كُلَّ جُمُعَةٍ فَتَهُبُّ

فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ تحقیق بہشت مین ایک بازار ہے جمع ہونگے اوسمین بہشتی ہر جمعہ مین پس چلے گی

رِيْحُ الشَّمَالِ فَتَحْثُوْ فِيْ وُجُوْهِهِمْ وَثِيَابِهِمْ فَيَزْدَادُوْنَ حُسْنًا وَّجَمَالًا

ہوا شمال کی پس ڈالیگی وہ ہوا اونکے مونہون اور کپڑون مین پس زیادہ ہونگے وہ حسن و جمال مین

فَيَرْجِعُوْنَ اِلٰى اَهْلِيْهِمْ وَقَدِ ازْدَادُوْا حُسْنًا وَّجَمَالًا فَيَقُوْلُ لَهُمْ اَهْلُوْهُمْ

پس پھرینگے اپنے گھرانے کی طرف تحقیق زیادہ ہونگی خوبصورتی اور جمال مین پس کہینگے گھر والے اونکے

وَاللّٰهِ لَقَدِ ازْدَدْتُّمْ بَعْدَنَا حُسْنًا وَّجَمَالًا فَيَقُوْلُوْنَ وَاَنْتُمْ وَاللّٰهِ لَقَدِ

کہ قسم خدا کی تحقیق زیادہ کیا تمنے بعد جدا ہونیکے ہمسے حسن و جمال کو پس کہینگے بہشتی گھر والون سے اور تمہی ہے قسم خدا کی

ازْدَدْتُّمْ بَعْدَنَا حُسْنًا وَّجَمَالًا رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ

زیادہ کیا بعد ہمارے حسن جمال کو روایت کی یہ مسلم نے۔ اور روایت ہے ابی ہریرہ رضی اللہ عنہ سے کہا

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ اَوَّلَ زُمْرَةٍ يَّدْخُلُوْنَ الْجَنَّةَ عَلٰى صُوْرَةِ

فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ تحقیق اول جماعت کہ داخل ہونگی بہشت مین بصورت

الْقَمَرِ لَيْلَةَ الْبَدْرِ ثُمَّ الَّذِينَ يَلُونَهُمْ كَأَشَدِّ كَوْكَبٍ دُرِّيٍّ فِي السَّمَاءِ

چودویں رات کے چاند کی ہونگی پھر وہ لوگ کہ قریب ہونگے اس جماعت کے داخل ہونگے مانند نہایت روشن تارے کے پیچھے آسمان کے

إِضَاءَةً قُلُوبُهُمْ عَلَى قَلْبِ رَجُلٍ وَاحِدٍ لَا اخْتِلَافَ بَيْنَهُمْ وَلَا تَبَاغُضَ

روشنی میں دل بہشتیوں کے اوپر دل ایک شخص کے ہونگے نہ نہیں ہوگا کچھ خلاف اونمیں اور نہ دشمنی رہے آپس میں

لِكُلِّ امْرِئٍ مِنْهُمْ زَوْجَتَانِ مِنَ الْحُورِ الْعِينِ يُرَى مُخُّ سُوقِهِنَّ مِنْ

ہر شخص کے لیے بہشتیوں میں سے دو دو بیبیاں ہونگی حور عین سے دیکھا جاتا ہے گودا حوروں کی پنڈلیوں کی

وَرَاءِ الْعَظْمِ وَاللَّحْمِ مِنَ الْحُسْنِ يُسَبِّحُونَ اللَّهَ بُكْرَةً وَعَشِيًّا لَا يَسْقَمُونَ

ہڈی اور گوشت کے پیچھے سے بسبب نہایت حسن کے ساتھ پاکی کے یاد کرینگے بہشتی اللہ کو صبح و شام نہ بیمار ہونگے

وَلَا يَبُولُونَ وَلَا يَتَغَوَّطُونَ وَلَا يَتْفُلُونَ وَلَا يَمْتَخِطُونَ آنِيَتُهُمُ الذَّهَبُ

اور نہ پیشاب کرینگے اور نہ پیخانہ پھریں گے اور نہ تھوکیں گے اور نہ رینٹھ سنکیں گے برتن اونکے سونے

وَالْفِضَّةُ وَأَمْشَاطُهُمُ الذَّهَبُ وَوَقُودُ مَجَامِرِهِمُ الْأَلُوَّةُ وَرَشْحُهُمُ

اور چاندی کے ہونگے اور کنگھیاں اونکی سونے کی اور ایندھن اونکی انگیٹھیوں کا اگر ہوگا اور عرق اونکا

الْمِسْكُ عَلَى خَلْقِ رَجُلٍ وَاحِدٍ عَلَى صُورَةِ أَبِيهِمْ آدَمَ سِتُّونَ ذِرَاعًا

مشک ہوگا سب کے اور صورت ایک مرد کے ہونگے اوپر شکل باپ اپنے کے کہ آدم ہیں ساٹھ گز کے

فِي السَّمَاءِ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ

جانب آسمان میں متفق علیہ اور روایت ہے جابر رضہ سے کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے تحقیق

أَهْلَ الْجَنَّةِ يَأْكُلُونَ فِيهَا وَيَشْرَبُونَ وَلَا يَتْفُلُونَ وَلَا يَبُولُونَ وَلَا

بہشتی کھاوینگے بہشت میں اور پیوینگے اور نہ تھوکیں گے اور نہ پیشاب کرینگے اور نہ

يَتَغَوَّطُونَ وَلَا يَمْتَخِطُونَ قَالُوا فَمَا بَالُ الطَّعَامِ قَالَ جُشَاءٌ وَرَشْحٌ

پایخانہ پھریں گے اور نہ ناک سنکیں گے عرض کیا صحابہ نے تو حال فضلہ طعام کا کیا ہے فرمایا ڈکار اور پسینہ

كَرَشْحِ الْمِسْكِ يُلْهَمُونَ التَّسْبِيحَ وَالتَّحْمِيدَ كَمَا تُلْهَمُونَ النَّفَسَ

مثل عرق کستوری کے الہام کیے جاوینگے بہشتی تسبیح اور تحمید جیسے کہ باہر نکلتا ہے تمسے دم

رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ

روایت کی یہ مسلم نے اور روایت ہے ابی ہریرہ رضہ سے کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے جو شخص

يَدْخُلُ الْجَنَّةَ يَنْعَمُ وَلَا يَبْأَسُ وَلَا يَبْلَى ثِيَابُهُ وَلَا يَفْنَى شَبَابُهُ رَوَاهُ مُسْلِمٌ

داخل ہوگا بہشت میں چین میں رہیگا اور نہ فکرمند ہوگا اور نہ برا لگے ہونگے کپڑے اور سکے اور نہ تمام ہوگی جوانی اور کی روایت کی

وَعَنْ أَبِي سَعِيدٍ وَأَبِي هُرَيْرَةَ قَالَا إِنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ يُنَادِ

اور روایت ہے ابی سعید اور ابی ہریرہ سے کہا دونوں نے کہ تحقیق رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا پکارے گا پکارنے

مُنَادٍ إِنَّ لَكُمْ أَنْ تَصِحُّوا فَلَا تَسْقَمُوا أَبَدًا وَإِنَّ لَكُمْ أَنْ تَحْيَوْا فَلَا تَمُوتُوا

پکارنے والا تمہارے لیے ہے کہ تندرست رہو تم پس بیمار ہو و کبھی اور تمہارے لیے ہے کہ زندہ رہو تم پس نہ مرو

أَبَدًا وَإِنَّ لَكُمْ أَنْ تَشِبُّوا فَلَا تَهْرَمُوا أَبَدًا وَإِنَّ لَكُمْ أَنْ تَنْعَمُوا فَلَا

کبھی اور تمہارے لیے ہے کہ جوان رہو تم پس بوڑھے ہو و کبھی اور تمہارے لیے ہے یہ کہ چین میں رہو اور محنت

تَبْأَسُوا أَبَدًا رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَعَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ أَنَّ رَسُولَ

دیکھو کبھی روایت کی یہ مسلم نے۔ اور روایت ہے ابی سعید خدری رضہ سے کہ تحقیق رسول

اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ إِنَّ أَهْلَ الْجَنَّةِ يَتَرَاءَوْنَ أَهْلَ الْغُرَفِ مِنْ فَوْقِهِمْ

خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تحقیق بہشتی دیکھینگے بالاخانے والونکو اپنے اوپر

كَمَا تَتَرَاءَوْنَ الْكَوْكَبَ الدُّرِّيَّ الْغَابِرَ فِي الْأُفُقِ مِنَ الْمَشْرِقِ أَوِ الْمَغْرِبِ

جیسا کہ دیکھتے ہو تم ستارہ روشن کو تہ باقی رہا ہوا پیچھے کنارے آسمان کے جانب مشرق یا مغرب میں

لِتَفَاضُلِ مَا بَيْنَهُمْ قَالُوا يَا رَسُولَ اللَّهِ تِلْكَ مَنَازِلُ الْأَنْبِيَاءِ لَا يَبْلُغُهَا

اتنا فرق اونمیں زیادتی تہ مراتب کے سبب سے ہوگا عرض کیا صحابہ نے یا رسول اللہ یہ منازل پیغمبروں کی ہونگے کہ نہیں پہونچیگا کوئی

غَيْرُهُمْ قَالَ بَلَى وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ رِجَالٌ آمَنُوا بِاللَّهِ وَصَدَّقُوا

غیر پیغمبروں کے فرمایا ہاں قسم ہے اسکی جسکے ہاتھ میں میری جان ہے پہونچینگے اسکو وہ مرد کہ ایمان لائے ہیں ساتھ اللہ کے اور سچا جانا

الْمُرْسَلِينَ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ

پیغمبروں کو متفق علیہ۔ اور روایت ہے ابی ہریرہ رضہ سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَدْخُلُ الْجَنَّةَ أَقْوَامٌ أَفْئِدَتُهُمْ مِثْلُ أَفْئِدَةِ الطَّيْرِ رَوَاهُ مُسْلِمٌ

علیہ وسلم نے کہ داخل ہونگے جنت میں کتنی قومیں کہ دل اونکے مانند دل پرندوں کے ہیں روایت کی یہ مسلم نے

وَعَنْ أَبِي سَعِيدٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ اللَّهَ تَعَالَى

اور روایت ہے ابی سعید رضہ سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے تحقیق اللہ تعالی

يَقُولُ لِأَهْلِ الْجَنَّةِ يَا أَهْلَ الْجَنَّةِ فَيَقُولُونَ لَبَّيْكَ رَبَّنَا وَسَعْدَيْكَ وَ

فرماویگا بہشتیوں کو اور پکاریگا اے بہشتیو پس کہینگے حاضر ہیں ہم تیرے اور موجود ہیں تیری خدمت میں اور

الْخَيْرُ فِي يَدَيْكَ فَيَقُولُ هَلْ رَضِيتُمْ فَيَقُولُونَ وَمَا لَنَا لَا نَرْضَى يَا رَبِّ

بھلائی تیرے ہاتھ میں ہے پس فرماویگا اللہ تعالیٰ کہ آیا راضی ہوئے تم پس کہینگے اور کیا ہے ہمکو کہ نہ راضی ہوویں ہم اے رب ہمارے

وَقَدْ أَعْطَيْتَنَا مَا لَمْ تُعْطِ أَحَدًا مِنْ خَلْقِكَ فَيَقُولُ أَلَا أُعْطِيكُمْ أَفْضَلَ

حالانکہ تحقیق عنایت فرمائی تو نے ہمکو وہ چیز کہ نہیں عنایت فرمائی کسیکو مخلوقات اپنی سے پس فرماویگا اللہ تعالیٰ کہ کیا نہ دوں تمکو بہتر

مِنْ ذَلِكَ فَيَقُولُونَ يَا رَبِّ وَأَيُّ شَيْءٍ أَفْضَلُ مِنْ ذَلِكَ فَيَقُولُ أُحِلُّ

اور بہتر سے کہ دی ہے تم کو پس کہینگے اے پروردگار ہمارے کونسی چیز بہتر ہے اوس سے پس فرماویگا اللہ تعالیٰ کہ عنایت

عَلَيْكُمْ رِضْوَانِي فَلَا أَسْخَطُ عَلَيْكُمْ بَعْدَهُ أَبَدًا مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْ

تمپر خوشنودی اپنی پس نہ خفا ہونگا تمپر بعد اسکے کبھی متفق علیہ۔ اور روایت ہے

أَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ إِنَّ أَدْنَى مَقْعَدِ أَحَدِكُمْ مِنَ

ابی ہریرہ رضہ سے کہ تحقیق رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تحقیق سے ادنی مرتبہ ایک تمہارے کا

الْجَنَّةِ أَنْ يَقُولَ لَهُ تَمَنَّ فَيَتَمَنَّى وَيَتَمَنَّى فَيَقُولُ لَهُ هَلْ تَمَنَّيْتَ فَيَقُولُ نَعَمْ

بہشت سے اوسمقدار ہے کہ فرماویگا پروردگار تعالیٰ اوسکو آرزو کر پس آرزو کریگا پس فرماویگا اللہ تعالیٰ اوس کو کہ آرزو کی تو نے پس کہینگا ہان

فَيَقُولُ لَهُ فَإِنَّ لَكَ مَا تَمَنَّيْتَ وَمِثْلَهُ مَعَهُ رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَعَنْهُ قَالَ

پس فرماویگا پروردگار تعالیٰ اوسکو پس تحقیق تیرے لیے ہے جو کچھ کہ آرزو کی تو نے اور مانند اوسکی ساتھ اوسکے روایت کی اسکو مسلم نے۔ اور روایت ہے

قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَيْحَانُ وَجَيْحَانُ وَالْفُرَاتُ وَالنِّيلُ كُلٌّ مِنْ

فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے سیحان اور جیحان اور فرات اور نیل سب

أَنْهَارِ الْجَنَّةِ رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَعَنْ عُتْبَةَ بْنِ غَزْوَانَ قَالَ ذُكِرَ لَنَا أَنَّ

بہشت کی نہروں سے ہیں روایت کی اسکو مسلم نے۔ اور روایت ہے عتبہ بن غزوان رضہ سے کہا ذکر کیا گیا ہمارے آگے

الْبَحْرَ يُلْقَى مِنْ شَفَةِ جَهَنَّمَ فَيَهْوِي فِيهَا سَبْعِينَ خَرِيفًا لَا يُدْرِكُ لَهَا

یہ کہ ڈالا جاوے کنارہ دوزخ پر کے سے پس گرتا چلا جاویگا اوسمیں ستر برس نہ پہنچے اوسکے

قَعْرًا وَاللَّهِ لَتَمْلَأَنَّ وَلَقَدْ ذُكِرَ لَنَا أَنَّ مَا بَيْنَ مِصْرَاعَيْنِ مِنْ مَصَارِيعِ

تہ میں قسم ہے خدا کی البتہ بھر جاویگی دوزخ اور البتہ تحقیق ذکر کیا گیا ہمارے لیے کہ درمیان دو بازوؤں دروازوں کے

باب صفۃ الجنۃ واھلھا
سلسلہ ۲
سلسلہ ۳

الجنة مسيرة اربعين سنة وليأتين عليها يوم وهو كظيظ من الزحام
جنت کے مسافت مقدار چالیس برس کے ہے اور البتہ آویگا اوسپر ایکدن کہ وہ بھری ہوگی بسبب ازدحام کے
رواه مسلم الفصل الثاني عن ابي هريرة قال قلت يا رسول
روایت کی ہے مسلم نے ۔ فصل دوسری ۔ روایت ہے ابوہریرہ رضہ سے کہا عرض کیا میںنے یا رسول
الله مم خلق الخلق قال من الماء قلنا الجنة ما بناؤها قال لبنة
اللہ کس چیز سے پیدا کی گئی مخلوقات فرمایا پانی سے عرض کیا ہمنے حضرت سے کہ بہشت کس چیز سے ہے عمارت اوسکی
من ذهب ولبنة من فضة وملاطها المسك الاذفر وحصباؤها
سونے کی اور ایک اینٹ چاندی کی اور گارا اوسکا مشک خالص تیز بو کا اور کنکریاں اوسکی
اللؤلؤ والياقوت وتربتها الزعفران من يدخلها ينعم ولا يبأس
موتی اور یاقوت کی اور خاک اوسکی مثل زعفران کے جو کوئی کہ داخل ہوگا اوسمیں عیش میں رہیگا اور
يخلد ولا يموت ولا يبلى ثيابهم ولا يفنى شبابهم رواه احمد والترمذي
ہمیشہ جیویگا اور کبھی نہ مریگا اور نہ پرانے ہونگے کپڑے اوسکے اور نہ فنا ہوگی جوانی اوسکی روایت کی یہ احمد اور ترمذی
والدارمي وعنه قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ما في الجنة شجرة
اور دارمی نے ۔ اور روایت ہے اوسی ابوہریرہ رضہ سے کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے نہیں ہے جنت میں کوئی درخت
الا وساقها من ذهب رواه الترمذي وعنه قال قال رسول
مگر کہ تنہ اوسکا سونے کا ہے روایت کی یہ ترمذی نے ۔ اور روایت ہے اوسی ابوہریرہ رضہ سے کہا فرمایا رسول
الله صلى الله عليه وسلم ان في الجنة مائة درجة ما بين كل درجتين مائة
خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ تحقیق بہشت میں ہیں سو درجے ہیں درمیان ہر دو درجوں کے فرق سو
عام رواه الترمذي وقال هذا حديث حسن غريب وعن ابي سعيد قال
برس کا ہے روایت کی یہ ترمذی نے اور کہا کہ یہہ حدیث حسن غریب ہے ۔ اور روایت ہے ابی سعید رضہ سے کہ کہا
